Date - 09.09.2025

Semester - I

MJC - I - Urdu Novel

موضوع — : اردو ناول کی تعریف اور اجزائے ترکیبی

لفظ ناول (Novel) لاطینی زبان کے لفظ Novellus سے نکلا ہے جس کے معنی ہیں نیا یا انوکھا۔ دوسرے لفظوں میں ہم کہہ سکتے ہیں کہ ناول ایک طویل نثری کہانی ہے جس میں انسانی زندگی کے مختلف پہلوؤں کو تفصیل اور ربط کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے۔ اس میں کردار، واقعات، مکالمات اور ماحول کے ذریعے زندگی کی عکاسی کی جاتی ہے۔

ناول کے اجزائے ترکیبی —:

1- قصہ یا پلاٹ — : جس واقعہ یا ڈھانچہ پر ناول کھڑا کیا جاتا ہے اسے قصہ یا پلاٹ کہا جاتا ہے۔

2- کردار — : کردار کے ذریعے ناول آگے بڑھتا ہے۔ کردار میں ہمیں افراد کی شخصیت، جذبات، خیالات اور اعمال دیکھنے کو ملتا ہے۔

3- مکالمہ — : ناول میں مکالمہ (Dialogue) کی ایک خاص اہمیت ہے۔ کیونکہ مکالمہ کے ذریعے ہی کرداروں کی گفتگو کہانی کو آگے بڑھاتی ہے اور کرداروں کو اجاگر کرتی ہے۔

4- پس منظر — : ناول میں پس منظر اہم کردار ادا کرتا ہے۔ پس منظر سے ہی پتہ چلتا ہے کہ ناول کس معاشرتی ماحول، وقت اور مقام میں وقوع پذیر ہوا ہے۔

5- اسلوب — : ناول میں سادہ اور کردار کے مطابق اسلوب یا زبان ناول نگار اختیار کرتا ہے۔ اگر طرز اظہار کردار اور ماحول کے مطابق نہیں ہے تو ناول کو فلاپ ہونے کا اندیشہ رہتا ہے۔ زبان و بیان ہی ناول نگار کے تخلیقی رنگ کو ظاہر کرتا ہے۔

6- تسلسل واقعات — : ناول نگار کو انسانی زندگی کی تصویر پیش کرتے وقت کہانی کا بہاؤ اور تسلسل پر خصوصی توجہ دینی پڑتی ہے۔ اگر تسلسل میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہو تو قارئین کا ذہن بھٹکنے لگتا ہے اس لیے ربط اور تسلسل ایک بہترین ناول کے لیے بہت ضروری ہے۔

ڈاکٹر ابوالکلام
09.09.25